www.ilmkidunya.com

سوال 1: سٹائیوشیومیٹری سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہمیت لکھیں۔

جواب: سٹائیوشیومیٹری (Stoichiometery): سٹائیوشیومیٹری علم کیمیا کی ایک اہم برانچ ہے جس میں ہم کیمیکل ایکویشنز کی مدد سے ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس کی مقداروں کا حساب لگاتے ہیں۔

وضاحت سٹائیوشیومیٹری کی بنیاد قانون بقائے مادہ پر رکھی گئی جس کے مطابق مادہ نہ تو بنایا جا سکتا ہے اور نہ ہی اسے مٹایا یا تباہ کیا جا سکتا ہے۔ ری ایکٹنٹس کا کل ماس پراڈکٹس کے کل ماس کے برابر ہونا ضروری ہے۔ کیمیکل ایکویشن کو متوازن کرنے کے لیے استعمال میں لائے جانے والے کوایفیشنٹس دراصل ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس کے درمیان ماس کی نسبت کو ظاہر کرتے ہیں۔

سٹائیوشیومیٹری کی اہمیت سٹائیوشیومیٹری کو صنعتوں میں پراڈکٹس کی مطلوبہ مقدار حاصل کرنے کے لیے اور درکار خام مال کی مقدار معلوم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

سوال 2: کیمیکل فارمولا کیا ہے؟ ایلیمنٹس اور کمپاؤنڈز کے کیمیکل فارمولوں میں فرق واضح کریں۔

جواب: کیمیکل فارمولا (Chemical Formula): کیمیکل فارمولا کسی کمپاؤنڈ یا ایلیمنٹ کی سادہ علامتی نمائندگی ہوتی ہے جو اس میں موجود ایٹمز اور ان کے تناسب کو ظاہر کرتی ہے۔

مثلاً: پانی کا کیمیکل فارمولا (H_2O) ہے، جس کا مطلب ہے کہ اس میں ہائیڈروجن کے دو اور آکسیجن کا ایک ایٹم ہوتا ہے۔

کیمیکل فارمولا کی اہمیت

(i) کیمیکل فارمولا مادوں کی شناخت کرنے میں مدد کرتا ہے۔

(ii) یہ کیمیائی تعاملات کو سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔

(iii) یہ کیمیائی حساب کتاب میں مدد کرتا ہے۔

ایلیمنٹس کے کیمیکل فارمولے اس دنیا میں موجود ایلیمنٹس مختلف شکل وصورت میں پائے جاتے ہیں۔ کچھ ایلیمنٹس ایسے ہیں جن میں ایٹمز مجموعی طور پر ایک دوسرے کے ساتھ بندھے ہوتے ہیں۔ ان ایلیمنٹس کو صرف ان کے سمبلز (Symbols) سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر سوڈیم (Na)، کیلشم (Ca)، کاربن (C)، آئرن (Fe) وغیرہ۔ ان کے علاوہ کچھ ایلیمنٹس علیحدہ علیحدہ مالیکیولز کی شکل میں اپنا وجود برقرار رکھتے ہیں جیسے آکسیجن (O_2)، نائٹروجن (N_2)، ہائڈروجن (H_2)۔ ان مالیکیولز میں ایٹمز آپس میں کیمیکل بانڈ کے ذریعے جڑے ہوتے ہیں۔ اوزون میں آکسیجن کے تین ایٹمز آپس میں کیمیکل بانڈ کے ذریعے جڑے ہوتے ہیں۔ اوزون میں آکسیجن کے تین ایٹمز بیک وقت ایک دوسرے سے جڑے ہوتے ہیں۔ اس کا فارمولا (O_3) ہے۔

کمپاؤنڈز کے کیمیکل فارمولے ایلیمنٹس کی طرح کیمیکل کمپاؤنڈ مختلف انداز میں پائے جاتے ہیں۔ عام نمک یعنی سوڈیم کلورائڈ آئنز کے مجموعہ کے طور پر پایا جاتا ہے۔ یہ آئنز آپس میں کیمیکل بانڈ سے جڑ کر اس ترتیب سے آپس میں جڑتے ہیں کہ کرسٹل لیٹس (Crystal Lattice) بن جاتا ہے۔ چونکہ اس کے کرسٹل لیٹس میں آئنز 1:1 کی نسبت سے موجود ہوتے ہیں اس لیے سوڈیم کلورائڈ کو ایک فارمولا یونٹ $NaCl$ کی شکل میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ اسی طرح دوسرے آئیونک کمپاؤنڈز کو ان کے فارمولا یونٹس سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ جو ان میں موجود آئنز کے درمیان کم سے کم نسبت کو ظاہر کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر $BaCl_2$، KBr، $CaCl_2$ وغیرہ۔

مشق

1۔ ایلیمنٹ اور کمپاؤنڈ کے مالیکیولر فارمولا میں فرق کو مثالوں سے واضح کریں۔ نیز آئیونک اور کوویلنٹ کمپاؤنڈز کے نام بھی لکھیں جن کے فارمولاز اس آرٹیکل میں دیے گئے ہیں۔

جواب: کسی ایلیمنٹ کا کیمیکل فارمولا صرف ایک سمبل پر مشتمل ہوتا ہے جو اس ایلیمنٹ کی نمائندگی کرتا ہے۔ جبکہ کسی کیمیکل کمپاؤنڈ کا فارمولا ایک کے کمپاؤنڈ میں موجود مختلف ایلیمنٹس کے دو یا دو سے زیادہ سمبلز پر مشتمل ہوتا ہے۔

آئیونک کمپاؤنڈز کے فارمولا		کوویلنٹ کمپاؤنڈز کے فارمولا	
سوڈیم کلورائیڈ	$NaCl$ =	ہائیڈروجن کلورائیڈ	HCl =
پوٹاشیم برومائڈ	KBr =	کاربن ڈائی آکسائیڈ	CO_2 =
کیلشیم کلورائیڈ	$CaCl_2$ =	بینزین	C_6H_6 =
بیریم کلورائیڈ	$BaCl_2$ =	امونیا	NH_3 =

سوال 3: امپیریکل فارمولا سے کیا مراد ہے؟ آئیونک اور کوویلنٹ کمپاؤنڈز کے امپیریکل فارمولا میں مثالوں کی مدد سے فرق واضح کریں۔

جواب: امپیریکل فارمولا: کسی کمپاؤنڈ کا امپیریکل فارمولا اس میں موجود ایٹمز کے درمیان سادہ ترین نسبت کو ظاہر کرتا ہے۔

آئیونک کمپاؤنڈز کا امپیریکل فارمولا: تمام آئیونک کمپاؤنڈز کو ان کے امپیریکل فارمولاز سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ یہ فارمولاز ان کمپاؤنڈز میں موجود آئنز کی سادہ ترین نسبت کو ظاہر کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر کیلشیم فلورائڈ کا امپیریکل فارمولا CaF_2 ہے جو اس کے کرسٹل میں موجود کیلشیم آئنز اور فلورائڈ آئنز کے درمیان سادہ ترین نسبت کو ظاہر کرتا ہے۔

کوویلنٹ کمپاؤنڈز کا امپیریکل فارمولا: کوویلنٹ کمپاؤنڈز جو مالیکیولز کے طور پر رہتے ہیں ان کے امپیریکل فارمولاز اور مالیکیولر فارمولا مختلف ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہائڈروجن پر آکسائیڈ کا مالیکیولر فارمولا H_2O_2 ہے جبکہ اس کا امپیریکل فارمولا HO ہے۔ اس طرح کی دوسری مثال بینزین مالیکیول کی ہے جس کا مالیکیولر فارمولا C_6H_6 ہے اور اس کا امپیریکل فارمولا CH ہے۔

چونکہ کسی کمپاؤنڈ کا امپیریکل فارمولا اس میں موجود ایٹمز کی صحیح تعداد کو ظاہر نہیں کرتا بلکہ ان ایٹمز کے درمیان سادہ ترین نسبت کو ظاہر کرتا ہے اس لیے یہ ممکن ہے کہ کچھ کمپاؤنڈز کے امپیریکل فارمولاز ایک ہی ہوں۔ مثلاً بینزین C_6H_6 اور ایسٹلین (Acetylene) C_2H_2 کا امپیریکل فارمولا ایک ہی یعنی CH ہے۔

مشق

1۔ دو ایسے کمپاؤنڈز کی مثالیں دیں جن کے امپیریکل اور مالیکیولر فارمولاز ایک ہی ہوں۔

جواب: 1- پانی:

مالیکیولر فارمولا: H_2O امپیریکل فارمولا: H_2O

2- امونیا:

مالیکیولر فارمولا: NH_3 امپیریکل فارمولا: NH_3

سوال 4: بائنری آئیونک کمپاؤنڈز کے کیمیکل فارمولاز لکھنے کے طریقے کی وضاحت مثالوں سے کریں۔

جواب: ایک بائنری آئیونک کمپاؤنڈ کا کیمیکل فارمولا لکھنے کے درج ذیل مراحل ہیں:

1- بائنری آئیونک کمپاؤنڈ کا فارمولا لکھنے کے لیے سب سے پہلے کیٹائنز اور اینائنز اور ان پر موجود چارجز کی تعداد معلوم کریں۔

www.ilmkidunya.com

2- دونوں آئنز (کیٹائن اور اینائن) کی علامتیں ایک ساتھ لکھیں۔ پازیٹو ریڈیکل بائیں طرف اور نیگیٹو ریڈیکل دائیں طرف۔


3- ہر آئن پر موجود چارج (ویلنسی) لکھیں۔

4- ویلنسیز (چارجز) کو ہر آئن کے نیچے دائیں طرف کراس کریں۔ اگر ویلنسیز (چارجز) برابر ہیں تو کراس نہ کریں۔

مثال کے طور پر لیتھیم آکسائڈ کا فارمولا اس طرح لکھیں گے۔ لیتھیم کیٹائن کا سمبل اور اس پر موجود سنگل چارج اس طرح لکھا جائے گا Li اور اینائن کا سمبل اور اس پر چارج اس طرح لکھا جائے گا O^{2-}۔

کرس کراس (Crisscross) کا فارمولا لگا کر اس کمپاؤنڈ کا کیمیکل فارمولا لکھیں۔ اس فارمولا کے مطابق ہر آئن کے اوپر موجود چارج کو دوسرے آئن کے نیچے دائیں طرف لکھا جاتا ہے اور پھر چارج کا سائن ختم کر دیتے ہیں۔

مثالیں



ایٹمز اور ان کے کیٹائنز بمعہ چارجز		ایٹمز اور ان کے کیٹائنز اور اینائنز بمعہ چارجز	
ایٹم	چارج	ایٹم	چارج
H	H^{1+}	O	O^{2-}
Na	Na^{1+}	N	N^{3-}
Li	Li^{1+}	Cl	Cl^{1-}
K	K^{1+}	Br	Br^{1-}
Mg	Mg^{2+}	I	I^{1-}
Ca	Ca^{2+}	Cu	Cu^{1+} , Cu^{2+}
Ba	Ba^{2+}	Fe	Fe^{2+} , Fe^{3+}
Zn	Zn^{2+}	Sn	Sn^{2+} , Sn^{4+}
Cl	Al^{3+}	Ni	Ni^{2+}

سوال 5: مثال کی مدد سے کسی کمپاؤنڈ کا کیمیکل فارمولا کیلکولیٹ کرنے کا طریقہ لکھیں۔ یا کسی کمپاؤنڈ کا کیمیکل فارمولا کیسے معلوم کیا جاتا ہے؟

جواب: کمپاؤنڈز کے کیمیکل فارمولاز (Chemical Formulas of Compounds): کسی کمپاؤنڈ کا کیمیکل فارمولا معلوم کیا جا سکتا ہے اگر ہمیں اس کے امپیریکل فارمولا کا علم ہو۔ کسی مرکب کا امپیریکل فارمولا معلوم کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس کمپاؤنڈ میں موجود ایٹمز کے درمیان سادہ ترین نسبت کا پتہ ہو۔ اس سادہ ترین نسبت کو معلوم کرنے کے لیے ہمیں کمپاؤنڈ کی ماس پرسنٹیج کمپوزیشن کا علم آنا چاہیے۔ اس طرح امپیریکل فارمولا معلوم کرنے کے بعد پھر مالیکیولر فارمولا معلوم کرنے کے لیے درج ذیل مساوات استعمال کی جاتی ہے۔

مالیکیولر فارمولا = n (امپیریکل فارمولا)

جہاں $$n = \frac{\text{مولر ماس}}{\text{امپیریکل فارمولا}}$$

www.ilmkidunya.com

مثال: ہائڈروجن پر آکسائیڈ کا امپیریکل فارمولا OH ہے۔ اس کا مولر ماس 34 ہے تو اس کا مالیکیولر فارمولا کیا ہوگا؟

$$n = \frac{34}{17} = 2$$

مالیکیولر فارمولا = $(HO)_2 = H_2O_2$

نوٹ: ''اگر کسی مرکب کے لیے n کی قیمت ایک ہو تو اس کا مالیکیولر فارمولا اور امپیریکل فارمولا ایک ہی ہوگا۔''

مشق

1- ایسے تین کمپاؤنڈز کے نام لکھیں جن کے مالیکیولر فارمولا زان کے امپیریکل فارمولاز سے مختلف ہوں۔

جواب: ایسٹک ایسڈ:

مالیکیولر فارمولا: $C_2H_4O_2$ یا CH_3COOH امپیریکل فارمولا: CH_2O_2

گلوکوز:

مالیکیولر فارمولا: $C_6H_{12}O_6$ امپیریکل فارمولا: CH_2O

ہائیڈروجن پر آکسائیڈ:

مالیکیولر فارمولا: H_2O_2 امپیریکل فارمولا: HO

2- ایک مرکب کا امپیریکل فارمولا CH_2O ہے اس کا مولر ماس $180g\ mol^{-1}$ ہے۔ اس کا مالیکیولر فارمولا معلوم کریں۔

جواب: امپیریکل فارمولا: CH_2O

مولر ماس = $180gmol^{-1}$

CH_2O کا امپیریکل فارمولا ماس = $(12 \times 1) + (1 \times 2) + (16 \times 1)$

$12 + 2 + 16 =$

$30 =$

$$n = \frac{\text{مولر ماس}}{\text{امپیریکل فارمولا ماس}}$$

$$n = \frac{180}{30} = 6$$

مالیکیولر فارمولا = n (امپیریکل فارمولا)

$(CH_2O)_6 =$

$C_6H_{12}O_6 =$

مالیکیولر فارمولا = $C_6H_{12}O_6$

3- ایک مرکب کا امپیریکل فارمولا CH_2O ہے اس کا مولر ماس $60g\ mol^{-1}$ ہے۔ اس کا مالیکیولر فارمولا معلوم کریں۔

جواب: امپیریکل فارمولا: CH_2O

مولر ماس = $60gmol^{-1}$

CH_2O کا امپیریکل فارمولا ماس = $(12 \times 1) + (1 \times 2) + (16 \times 1)$

$12 + 2 + 16 =$

$30 =$

www.ilmkidunya.com

$$n = \frac{\text{مولر ماس}}{\text{امپیریکل فارمولا ماس}}$$

$$n = \frac{60}{30} = 2$$

مالیکیولر فارمولا = n (امپیریکل فارمولا)

$(CH_2O)_2 =$

مالیکیولر فارمولا $= C_2H_4O_2$

مثال: ایک مرکب کا امپیریکل فارمولا CH ہے۔اس کا مولر ماس $78g\ mol^{-1}$ ہے۔اس کا مالیکولر فارمولا معلوم کریں۔

جواب: امپیریکل فارمولا = CH مولر ماس = $78g\ mol^{-1}$

(امپیریکل فارمولا) n = (مالیکیولر فارمولا)

$$n = \frac{\text{مولر ماس}}{\text{امپیریکل فارمولا ماس}}$$

$$n = \frac{78}{13} = 6$$

مالیکیولر فارمولا $= (CH)_6 = C_6H_6$

سوال6: سٹرکچرل فارمولا سے مالیکیولر فارمولا اخذ کرنے کا طریقہ کار بیان کریں۔

جواب: سٹرکچرل فارمولا مالیکولر فارمولا اخذ کرنا (Deduce the molecular Formula from structural Formula):

سٹرکچرل فارمولا سے مالیکیولر فارمولا اخذ کرنے کے لیے درج ذیل طریقہ کار اختیار کیا جاتا ہے۔


(i) کمپاؤنڈ کا سٹرکچر فارمولا لکھیں۔

(ii) سٹرکچرل فارمولا میں موجود ہر قسم کے ایٹمز کی تعداد معلوم کریں۔

(iii) تمام ایٹمز کے سمبلز لکھیں۔


(iv) ہر قسم کے ایٹمز کی تعداد کو ان کے سمبلو کے نیچے دائیں طرف لکھیں۔

مثال: سلفیورک ایسڈ کا مالیکیولر فارمولا لکھیں۔اس کا سٹرکچرل فارمولا درج ذیل ہے۔



مثال: اس میں 2H ایک S اور 4O ایٹمز ہیں۔اس کا فارمولا یہ ہوگا۔ H_2SO_4

سوال7: ایسیٹک ایسڈ کا مالیکیولر فارمولا لکھیں۔اس کا سٹرکچرل فارمولا یہ ہے۔




جواب: اس میں 2C، 4H اور 2O ایٹمز ہیں۔ اس کا فارمولا یہ ہوگا: $C_2H_4O_2$

www.ilmkidunya.com

مشق

-1 فاسفورک ایسڈ کا مالیکیولر فارمولا معلوم کریں۔ اس کا سٹرکچرل فارمولا یہ ہے۔



اس میں 1P,3H اور 4O ایٹمز ہیں۔

جواب: فاسفورک ایسڈ کا مالیکیولر فارمولا = H_3PO_4


-2 n– پروپائل الکحول کا مالیکیولر فارمولا لکھیں۔ اس کا سٹرکچرل فارمولا یہ ہے۔

$$CH_3 - CH_2 - CH_2 - OH$$

اس 3C ,8H اور 1O ایٹمز ہیں۔

جواب: n–پروپائل الکحول کا مالیکیولر فارمولا = C_3H_8O

-3 کیلشیم کاربونیٹ کا فارمولا لکھیں۔ اس کا سٹرکچرل فارمولا یہ ہے۔



جواب: کیلشیم کاربونیٹ کا مالیکیولر فارمولا = $CaCO_3$

سوال 8: ایوگیڈرو نمبر سے کیا مراد ہے؟ مثالوں کی مدد سے وضاحت کریں۔

جواب: ایوگیڈرو نمبر: ایوگیڈرو نمبر کسی مادے کے ایک مول میں موجود پارٹیکلز (ایٹم، مالیکیول اور آئنز) کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کی قیمت 6.022×10^{23} ہے۔ اسے N_A سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

مثالیں

کاربن ایٹم کا ایک مول — 6.022×10^{23} atoms = (12g)

پانی کے مالیکیول کا ایک مول — 6.022×10^{23} molecules = (18g)

سوڈیم آئن Na^+ کا ایک مول — 6.022×10^{23} ions = (23g)

وضاحت درج ایک ایسے تعامل سے شروع کریں جس میں دو کاربن ایٹمز آکسیجن کے ایک مالیکیول کے ساتھ ری ایکٹ کر کے کاربن مونو آکسائیڈ کے دو مالیکیولز بناتے ہیں۔

$$2C + O_2 \longrightarrow 2CO$$

ایٹم — مالیکیول — مالیکیولز

چونکہ یہ ممکن نہیں ہے کہ انفرادی طور پر ایٹمز یا مالیکیولز کے ماسز سے حساب کر لیں۔ کیونکہ ان کے ماسز بہت کم ہوتے ہیں لہٰذا اس مشکل کو حل کرنے کے لیے ہم ری ایکٹ کرنے والے ذرات کی تعداد میں اضافہ کرتے ہیں۔

$$2C + O_2 \longrightarrow 2CO \quad .....(1)$$

ایٹمز 2×100 — مالیکیولز 100 — مالیکیولز 2×100

ایٹمز 2×10000 — مالیکیولز 10000 — مالیکیولز 2×10000

www.ilmkidunya.com

ری ایکٹ کرنے والے ایٹمز یا مالیکیولز کی تعداد بڑھانے سے ان کے ری ایکٹ کرنے کی نسبت میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ری ایکٹ کرنے والے ذرات کی تعداد میں اضافہ کرنے سے بھی ہمارا مقصد حاصل نہیں ہوا کیونکہ یہ تعداد اب بھی بہت کم ہے۔ ری ایکٹ کرنے والے ذرات کی تعداد اس حد تک بڑھانے کی ضرورت ہے جن سے ہمارے لیے ان کے ماسز کا حساب کرنا آسان ہو۔

$$2C + O_2 \longrightarrow 2CO \quad .....(2)$$

$2 \times 6.022 \times 10^{23}$ ایٹمز 6.022×10^{23} مالیکیولز $2 \times 6.022 \times 10^{23}$ مالیکیولز

6.022×10^{23} ایک بہت ہی بڑا نمبر ہے اور اس کا انتخاب ہم نے اس لیے کیا ہے کیوں کہ

اٹامک ماس یونٹس (6.022×10^{23}) = 1.00 گرام

اب مساوات 2 میں موجود ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس کی مقدار میں ہم اس طرح لکھیں گے۔

کاربن ایٹمز $2 \times 6.022 \times 10^{23} \times (12.0\ amu)$ = 24.00 گرام

آکسیجن مالیکیولز $2 \times 6.022 \times 10^{23} \times (12.0\ amu)$ = 32.00 گرام

کاربن مونو آکسائیڈ مالیکیولز $2 \times 6.022 \times 10^{23} \times (12.0\ amu)$ = 2 × 28.00 گرام

ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس کے درمیان ماسز کی نسبت اب اس طرح ہوگی۔

$$C + O_2 \longrightarrow 2CO \quad .....(3)$$

24g 32g 56g

ایک سادہ ایکویشن سے شروع ہو کر ہم نے ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس کے ماسز کی نسبت معلوم کر لی ہے جس کو ہم با آسانی لیبارٹری میں استعمال کر سکتے ہیں۔

مساوات نمبر 3 کے مطابق 24 گرام کاربن میں $2 \times 6.022 \times 10^{23}$ کاربن کے ایٹمز ہیں جبکہ 32 گرام آکسیجن میں 6.022×10^{23} آکسیجن مالیکیولز ہیں۔ اس طرح 56 گرام کاربن مونو آکسائیڈ میں اس کے 6.022×10^{23} مالیکیولز ہیں۔

اس نمبر 6.022×10^{23} کو امیڈو ایوگیڈرو (Amaedo Avogadro) کے نام کی مناسبت سے ایوگیڈروز نمبر کہتے ہیں اور اس کو N_A سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

سوال 9: مول اور مولر ماس کی تعریف لکھیں اور مثالیں دیں۔

جواب: مول: کسی ایلیمنٹ یا کمپاؤنڈ کی وہ مقدار جس میں N_A ذرات ہوں اس کو مول کہتے ہیں۔ مول ایک درجن یا ایک گراس (Gross) کی طرح کا نمبر ہے۔ جس طرح ہم یہ کہتے ہیں کہ ایک درجن مالٹوں میں 12 مالٹے ہوتے ہیں اس طرح کسی شے کے ایک مول میں 6.022×10^{23} پارٹیکلز ہوتے ہیں جو ایٹمز، مالیکیولز یا آئنز ہو سکتے ہیں۔ جب مول کا لفظ استعمال کیا جائے تو ضروری ہے کہ اس شے میں موجود چھوٹے سے چھوٹے پارٹیکلز کی وضاحت کی جائے۔ درج ذیل مثالوں سے آپ کو یہ سمجھنے میں مدد ملے گی۔

"ایک مول کاربن میں 6.022×10^{23} ایٹمز ہوتے ہیں اور اس کا ماس 12 گرام ہے"۔

ایک مول آکسیجن مالیکیولز (O_2) میں 6.022×10^{23} مالیکیولز ہوتے ہیں اور اس کا ماس 32 گرام ہے۔ ایک مول سوڈیم کلورائڈ (NaCl) میں 6.022×10^{23} فارمولا یونٹس ہوتے ہیں اور اس کا ماس 58.5 گرام ہے۔

مولر ماس (Molar Mass) کسی شے کے ایک مول کا ماس اس کا مولر ماس کہلاتا ہے۔ اس طرح ہائڈروجن ایٹمز کا مولر اس اس کے ایک مول کا ماس یعنی 1.008 گرام ہوگا اور اور ہائڈروجن مالیکیولز کا مولر ماس 2.016 گرام ہوگا۔

www.ilmkidunya.com

$2C$	+	O_2	$\longrightarrow$	$2CO$
دو ایٹمز		ایک مالیکیول		دو مالیکیولز
کاربن ایٹمز کے دو مولز		O_2 کا ایک مول		CO کے دو مولز
$2 \times 6.022 \times 10^{23}$ ایٹمز		6.022×10^{23} مالیکیولز		$2 \times 6.022 \times 10^{23}$ مالیکیولز
دو مولز		ایک مول		دو مولز

مثالیں: C ایٹم کا مولر ماس = 12g

پانی H_2O کا مولر ماس = 18g

$CaCO_3$ کا مولر ماس = $(40 \times 1) + (12 \times 1) + (16 \times 3)$

$= 40 + 12 + 48 = 100$

سوڈیم کلورائیڈ کا مولر ماس = $(23 \times 1) + (35.5 \times 1)$

$= 58.5g$

مثال: درج ذیل کمپاؤنڈز کے مولر ماس ($gmol^{-1}$) میں معلوم کریں۔

(a) H_2SO_4 (سلفیورک ایسڈ)	(b) $C_6H_{12}O_6$ (گلوکوز)
ہائڈروجن کا اٹامک ماس = 1	ہائڈروجن کا اٹامک ماس = 1
سلفر کا اٹامک ماس = 32	کاربن کا اٹامک ماس = 12
آکسیجن کا اٹامک ماس = 16	آکسیجن کا اٹامک ماس = 16
ہر ایٹم کی تعداد کے لحاظ سے ان کے ماسز جمع کریں	ہر ایٹم کی تعداد کے لحاظ سے ان کے ماسز جمع کریں
$2(1) + 1(32) + 4(16) = 98\ g\ mol^{-1}$	$(12) + (12)(1) + 6(16) = 180\ g\ mol^{-1}$

مشق

-1 درج ذیل کمپاؤنڈز کے مولر ماسز معلوم کریں۔ $H_3PO_4, SIO_2, C_{12}H_{22}O_{11}, N_2O_4, MgCO_3$

جواب: H_3PO_4

H_3PO_4 کا مولر ماس = $(1 \times 3) + (31 \times 1) + (16 \times 4)$

$= 3 + 31 + 64$

$= 98\ g\ mol^{-1}$

SiO_2

SiO_2 کا مولر ماس = $(1 \times 28) + (2 \times 16)$

$= 28 + 32$

$= 60\ g\ mol^{-1}$

$C_{12}H_{22}O_{11}$

$C_{12}H_{22}O_{11}$ کا مولر ماس = $(12 \times 12) + (1 \times 22) + (11 \times 16)$

$= 144 + 22 + 176$

$= 342\ g\ mol^{-1}$

N_2O_4

N_2O_4 کا مولر ماس = $(1 \times 14) + (4 \times 16)$

$= 3 + 31 + 64$

$= 92\ g\ mol^{-1}$

$MgCO_3$

$MgCO_3$ کا مولر ماس = $(1 \times 24) + (1 \times 12) + (3 \times 16)$

$= 24 + 12 + 48$

$= 84\ g\ mol^{-1}$

www.ilmkidunya.com

سوال 10: کیمیکل ایکویشن سے کیا مراد ہے؟ مثال سے واضح کریں۔

جواب: کیمیکل ایکویشن (Chemical Equation): کیمیکل ایکویشن کیمیکل ری ایکشنز کو علامات اور فارمولوں کی مدد سے ظاہر کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ یہ ری ایکشن میں حصہ لینے والے ری ایکٹنٹس اور بننے والے پراڈکٹس کو ظاہر کرتی ہے۔

مثال: $C + O_2 \longrightarrow CO_2$

کیمیکل ایکویشن کا بنیادی مقصد کسی بھی کیمیکل ایکویشن کا بنیادی مقصد ان ایٹمز یا مالیکیولز کی نشاندہی کرنا ہے جو کیمیکل ری ایکشن میں حصہ لیتے ہیں اور اس کے نتیجے میں بنتے ہیں۔

ری ایکٹنٹس (Reactants) وہ مادے جو کیمیکل ری ایکشن میں حصہ لیتے ہیں۔ یہ مساوات کی بائیں جانب لکھے جاتے ہیں۔

پراڈکٹس (Products) دو مادے جو ری ایکشن کے نتیجے میں بنتے ہیں۔ یہ مساوات کی دائیں جانب لکھے جاتے ہیں۔

$C + O_2 \longrightarrow CO_2$ ایکویشن

میں $C + O_2$ ری ایکٹنٹس ہیں جبکہ CO_2 پراڈکٹ ہے۔

$4Al_{(s)} + 3O_{2(g)} \longrightarrow 2Al_2O_{3(s)}$

پراڈکٹس ری ایکٹنٹس

سوال 11: کیمیکل ایکویشن لکھتے وقت کن نکات کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

جواب: کیمیکل ایکویشن لکھتے وقت ضروری نکات: کیمیکل ایکویشن لکھتے وقت درج ذیل نکات کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

1- کیمیکل ایکویشن کو لکھتے ہوئے اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ یہ قانون بقائے مادہ کے مطابق ہو یعنی اس میں نہ تو کوئی ایٹم نیا بنے اور نہ ہی کوئی ایٹم فنا ہو۔ کیمیکل ری ایکشن میں حصہ لینے والے ایٹمز کی تعداد دونوں طرف لازمی طور پر برابر ہونی چاہیے یعنی کیمیکل ایکویشن متوازن ہونی چاہیے۔

2- تمام ری ایکٹ کرنے والے اور بننے والے ایلیمنٹس یا کمپاؤنڈز کو صحیح فارمولاز سے ظاہر کرنا چاہیے۔

3- کیمیکل ایکویشن کو ری ایکٹنٹس، پراڈکٹس اور ان دونوں کے درمیان مول نسبت کا ٹھیک تعین کرنا چاہیے۔

4- کیمیکل ایکویشن میں کیمیکل ری ایکشن کی سمت کا تعین لازمی طور پر ہونا چاہیے۔

5- عام طور پر کیمیکل ایکویشن میں ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس کی فزیکل حالت کے متعلق بھی بتایا جاتا ہے۔ مثلاً ٹھوس کے لیے (s) مائع کے لیے (l) گیس کے لیے (g) اور ایکیوس (Aqueous) کے لیے (aq) کے سمبلز استعمال کیے جاتے ہیں۔

اوپر دیے گئے نکات کے مطابق کیمیکل ایکویشن صرف اس وقت لکھی جا سکتی ہے جب عملی تجربات سے ان نکات کے متعلق تمام معلومات کا علم ہو۔ مثال کے طور پر یہ معلوم کرنا کہ کون سی اشیا نئی بن رہی ہیں (کیونکہ ری ایکشن میں حصہ لینے والی اشیا کے متعلق عام طور پر علم ہوتا ہے) اور ان کے ٹھیک فارمولاز کیا ہیں۔

یہ سادہ کی کیمیکل ایکویشن مندرجہ بالا تمام نکات کو ملحوظ رکھتے ہوئے لکھی گئی ہے۔

$Zn_{(s)} + H_2SO_{4(aq)} \longrightarrow ZnSO_{4(s)} + H_{2(g)}$

سوال 12: ری ورسیبل ری ایکشنز سے کیا مراد ہے؟

جواب: ری ورسیبل ری ایکشنز (Reversible Reaction): ری ورسیبل ری ایکشنز ایسے کیمیائی ری ایکشنز ہیں جو دونوں سمتوں میں ہو سکتے ہیں ری ایکٹنٹس مل کر پراڈکٹس بناتے ہیں اور پراڈکٹس مل کر ری ایکٹنٹس بناتے ہیں۔

www.ilmkidunya.com

وضاحت

☆ ری ورسیبل ری ایکشنز کو ظاہر کرنے کے لیے دوہرے تیر ($\rightleftharpoons$) کا نشان استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ یہ ری ایکشن ایکوی لبریم کی حالت میں پہنچ جاتا ہے جہاں دونوں سمتوں میں ری ایکشن کی مقدار برابر ہو جاتی ہے۔

☆ ایکوی لبریم کی حالت میں، ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس دونوں موجود ہوتے ہیں لیکن ان کی مقداریں وقت کے ساتھ تبدیل نہیں ہوتیں۔

☆ ری ورسیبل ری ایکشنز میں بیرونی حالات یعنی درجہ حرارت اور پریشر کو تبدیل کر کے ایکوی لبریم کی سمت کو تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

مثالیں

$$N_{2(g)} + 3H_{2(g)} \rightleftharpoons 2NH_{3(g)}$$

$$CH_3COOH + C_2H_5OH \rightleftharpoons CH_3COOC_2H_5 + H_2O$$

سوال 13: مقداری مسائل کو حل کرنے میں ایکویشن کا استعمال بیان کریں۔

جواب: مکمل اور متوازن کیمیکل ایکویشن ہمیں ری ایکٹنٹس اور پراڈکٹس کی مول نسبت یا مولر ماس کی نسبت بھی بتاتی ہے۔ اگر میں پراڈکٹس کے مولر ماسز معلوم ہوں تو ہم اس نسبت کی مدد سے ری ایکٹنٹس کے مولر ماسز معلوم کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر درج ذیل ایکویشن ہمیں بتاتی ہے کہ ایک مول (100 گرام کیلشیم کاربونیٹ 2 مولز (73) گرام) ہائڈروکلورک ایسڈ سے ری ایکٹ کر کے ایک مول (111 گرام) کیلشیم کلورائڈ ایک مول (18 گرام) کاربن ڈائی آکسائڈ بناتے ہیں۔

$CaCO_{3(s)}$	+	$2HCl_{(aq)}$	⟶	$CaCl_{2(aq)}$	+	$H_2O_{(l)}$	+	$CO_{2(g)}$
1 mole		2 moles		1 mole		1 mole		1 mole
100 g		73 g		111 g		18 g		44 g

ری ایکٹنٹس کا ٹوٹل ماس پراڈکٹس کے ٹوٹل ماس کے برابر ہوتا ہے۔

سوال 14: 25 گرام لائم سٹون $CaCO_3$ کو جب ہائڈروکلورک ایسڈ کی کافی زیادہ مقدار سے اوپر دی گئی ایکویشن کے مطابق ری ایکٹ کرایا جاتا ہے تو کیلشیم کلورائڈ کتنی مقدار بنتی ہے؟

$$CaCO_{3(s)} + 2HCl_{(aq)} \longrightarrow CaCl_{2(aq)} + H_2O_{(l)} + CO_{2(g)}$$

جواب: کیلشیم کاربونیٹ کا ماس = 25 گرام

کیلشیم کلورائڈ کا ماس = ؟

کیلشیم کاربونیٹ کا مولر ماس = $100\ g\ mol^{-1}$

کیلشیم کلورائیڈ کا مولر ماس = $111\ g\ mol^{-1}$

ایکویشن کے مطابق

100 گرام کیلشیم کاربونیٹ جتنا کیلشیم کلورائڈ مہیا کرتا ہے۔ = 111 گرام

1 گرام کیلشیم کاربونیٹ جتنا کیلشیم کلورائڈ مہیا کرے گا۔ = $\frac{111}{100}$ گرام

25 گرام کیلشیم کاربونیٹ جتنا کیلشیم کلورائڈ مہیا کرے گا۔ = $\frac{111}{100} \times 25$

= 27.75 گرام

سوال 15: 1.80 مولز ایتھائل الکوحل کو ہوا میں پوری طرح جلانے کے لیے آکسیجن کے کتنے مولز کی ضرورت ہوگی؟ نیز کاربن ڈائی آکسائڈ کے کتنے مولز بنیں گے؟

جواب: ایتھائل الکوحل کے مولز = 1.80

درکار آکسیجن کے مولز = ؟

www.ilmkidunya.com

کیمیکل ایکویشن کے مطابق $C_2H_5OH_{(l)} + 3O_{2(g)} \longrightarrow 2CO_{2(g)} + 3H_2O_{(g)}$

ایک مول ایتھائل الکوحل کو پوری طرح جلانے کے لیے درکار آکسیجن = 3 مولز

1.8 مولز ایتھائل الکوحل کو جلانے کے لیے درکار آکسیجن = $\frac{3}{1} \times 1.8$

= 5.4 مولز

ایک مول ایتھائل الکوحل کتنے مولز کاربن ڈائی آکسائڈ بناتی ہے۔ = 2.0

1.8 مولز ایتھائل الکوحل کتنے مولز کاربن ڈائی آکسائڈ بنائے گی۔ = $\frac{2}{1} \times 1.8$

= 3.6 مولز

سوال 16: ایلومینیم آکسیجن کے ساتھ ری ایکٹ کر کے ایلومینیم آکسائڈ بناتی ہے۔ 0.3 مولز ایلومینیم سے ری ایکٹ کرنے کے لیے آکسیجن کے کتنے گرام کی ضرورت ہوگی؟

جواب: ایلومینیم کے مولز = 0.3 آکسیجن کے کتنے گرام استعمال ہوئے = ؟

کیمیکل ایکویشن $4Al_{(s)} + 3O_{2(g)} \longrightarrow 2Al_2O_{3(s)}$

ایکویشن کے مطابق

4 مولز ایلومینیم کے لیے درکار آکسیجن = 3.0 مولز

1 مول ایلومینیم کے لیے درکار آکسیجن = $\frac{3}{4}$

3.0 مول ایلومینیم کے لیے درکار آکسیجن = $\frac{3}{4} \times 0.3$

= 0.225 مولز

ایک مول آکسیجن (O_2) کا مولر ماس = 32×0.225

0.225 مول آکسیجن (O_2) کا مولر ماس = 7.2 گرام

سوال 17: اگر 5 گرام ہائیڈروجن کا آکسیجن کی زیادہ مقدار سے ری ایکشن کروایا جائے تو پانی کے کتنے مالیکیولز بنیں گے؟

جواب: ہائڈروجن کا ماس = 5 گرام پانی کے بننے والے مالیکیولز = ؟

ری ایکشن کی متوازن ایکویشن

$$2H_{2(g)} + O_{2(g)} \longrightarrow 2H_2O_{(l)}$$

2 moles 1 mole 2 moles

4g 32g 36g

ایکویشن کے مطابق

4 گرام ہائڈروجن پانی بناتی ہے۔ = 36 گرام

5 گرام ہائڈروجن پانی بنائے گی۔ = $\frac{36}{4} \times 5 = 45$ گرام پانی

18 گرام ایک مول پانی میں مالیکیولز کی تعداد = 6.022×10^{23}

www.ilmkidunya.com

36 گرام پانی میں مالیکیولز کی تعداد = $6.022 \times 10^{23} \times 2$

= 12.04×10^{23}

45 گرام پانی میں مالیکیولز کی تعداد = $\frac{45}{36} \times 12.04 \times 10^{23}$

= 1.505×10^{24} مالیکیولز

سوال18: مندرجہ ذیل کمپاؤنڈ میں نائٹروجن کی پرسینٹج (فیصد مقدار) معلوم کریں۔

(i) $CO(NH_2)_2$ (ii) N_2H_4 (iii) NH_2OH (iv) NH_3

حل:

(i) $CO(NH_2)_2$

$CO(NH_2)_2$ کا مولر ماس = $(12 \times 1) + (16 \times 1) + (14 \times 2) + (1 \times 4)$

= $12 + 16 + 28 + 4$

$CO(NH_2)_2$ کا مولر ماس = 60g

$$\%N = \frac{28}{60} \times 100 = 46.66\%$$

$CO(NH_2)_2$ میں نائٹروجن کی % age = 46.66%

(ii) N_2H_4

N_2H_4 کا مولر ماس = $(14 \times 2) + (1 \times 4)$

= $28 + 4$

N_2H_4 کا مولر ماس = 32 g

$$\%N = \frac{28}{32} \times 100 = 87.5\%$$

N_2H_4 میں نائٹروجن کی % age = 82.35%

(iii) NH_2OH

NH_2OH کا مولر ماس = $(14 \times 1) + (1 \times 3) + (16 \times 1)$

= $14 + 3 + 16$

NH_2OH کا مولر ماس = 33 g

$$\%N = \frac{14}{33} \times 100 = 42.42\%$$

NH_2OH میں نائٹروجن کی % age = 42.42%

(iv) NH_3

NH_3 کا مولر ماس = $(14 \times 1) + (1 \times 3)$

= $14 + 3$

NH_3 کا مولر ماس = 17 g

www.ilmkidunya.com

$$\%N = \frac{14}{17} \times 100 = 82.35\%$$

NH_3 میں نائٹروجن کی % age = 82.35%

سوال19: کاربن (ڈائمنڈ) کے 6g ایٹمز کی تعداد معلوم کریں۔

حل: گرامز میں کاربن کا ماس = 6g

کاربن کا مولر ماس = 12g

$$\text{مولز کی تعداد} = \frac{\text{گرامز میں ماس}}{\text{مولر ماس}}$$

$$\text{مولز کی تعداد} = \frac{6}{12}$$

مولز کی تعداد = 0.5 moles

ایٹمز کی تعداد = مولز کی تعداد × ایووگیڈرو نمبر

$= 0.5 \times 6.022 \times 10^{23}$ atoms

$= 3.011 \times 10^{23}$ atoms

کاربن (ڈائمنڈ) کے 6g میں ایٹمز کی تعداد 3.011×10^{23} atoms ہے۔

سوال20: ایلومینیم ایک ہلکی میٹل ہے۔ یہ دودھ کے ٹینک بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ 204g ایلومینیم آکسائیڈ (Al_2O_3) میں ایلومینیم (Al) کی مقدار معلوم کریں۔

حل: ایلومینیم آکسائیڈ کا مولر ماس $= (27 \times 2) + (16 \times 3)$

$= 54 + 48$

$= 102$ g

102g ایلومینیم آکسائیڈ میں ایلومینیم (Al) = 54 g

1g ایلومینیم آکسائیڈ میں ایلومینیم (Al) = $\frac{54}{102}$ g

204g ایلومینیم آکسائیڈ میں ایلومینیم (Al) = $\frac{54}{102} \times 204$

$= 108$ g

204 گرام Al_2O_3 میں ایلومینیم کا ماس = 108 g

سوال21: میتھین گیس (CH_4) کے 30 گرامز کے مکمل جلنے سے پیدا ہونے والی کاربن ڈائی آکسائیڈ کی مقدار معلوم کریں۔

حل: متوازن کیمیکل ایکویشن:

$$CH_4 + 2O_2 \longrightarrow CO_2 + 2H_2O$$

$$(12\times1)+(1\times4) \longrightarrow (12\times1)+(16\times2)$$

$$16g \longrightarrow 44g$$

16g میتھین (CH_4) سے بننے والی CO_2 کی مقدار = 44g

www.ilmkidunya.com

$\frac{44}{16}$g = میتھین (CH_4) 1g سے بننے والی CO_2 کی مقدار

$\frac{44}{16} \times 30$g = میتھین (CH_4) 30g سے بننے والی CO_2 کی مقدار

82.5g =

82.5g = CO_2 کی مقدار

سوال22: ہوا مختلف گیسوں کا ایک ہوموجینس مکسچر ہے۔ اس میں والیم کے لحاظ سے 78 فیصد نائٹروجن موجود ہے۔ 3.5 گرام نائٹروجن میں ایٹمز کی تعداد معلوم کریں۔

حل: N_2 کا مولر ماس = 14×2

28g =

N_2 کا گرامز میں ماس = 3.5g

مولز کی تعداد = $\frac{\text{گرامز میں ماس}}{\text{مولر ماس}}$

$\frac{3.5}{28}$

0.125 moles =

مالیکیولز کی تعداد = مولز کی تعداد × ایوگیڈرو نمبر

$0.125 \times 6.02 \times 10^{23}$ =

مالیکیولز کی تعداد = 0.752×10^{23} molecules

نائٹروجن کے ایک مالیکیول میں ایٹمز کی تعداد = 2

$2 \times 0.75 \times 10^{23}$ atom =

1.505×10^{23} atoms =

اس طرح N_2 کے 3.5 گرامز میں ایٹمز کی تعداد = 1.505×10^{23} atoms

دلچسپ معلومات

☆ ہم اپنی زندگی میں جو کیمیائی اشیا مثلاً شیمپو، عطریات، صابن اور کھادیں استعمال کرتے ہیں ان کے اجزائے ترکیبی کو سٹائیوشیومیٹری کی کیلکولیشنز کے تحت بنایا جاتا ہے۔ سٹائی شیومیٹری کے بغیر کیمیکل صنعت وجود میں نہیں آسکتیں۔

☆ مول کا نظریہ بہت اہم ہے کیونکہ ایٹمز اور مالیکیولز بہت ہی چھوٹے ہوتے ہیں اور ان کے ماسز بھی بہت کم ہیں۔ مول کے نظریہ کی مدد سے ہم اشیا کا وزن کر کے اُن میں موجود ان پارٹیکلز کی تعداد معلوم کرتے ہیں۔

اہم نکات

1- ایلیمنٹ یا کمپاؤنڈ کا مالیکیولر فارمولا ایلیمنٹ یا کمپاؤنڈ کے مالیکیول میں موجود ایٹمز کی صحیح تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔

2- کسی کمپاؤنڈ کا امپیریکل فارمولا اس کمپاؤنڈ میں موجود ایٹمز کے درمیان کم سے کم نسبت کو ظاہر کرتا ہے۔ تمام آئیونک کمپاؤنڈز اور کچھ کوویلنٹ کمپاؤنڈز کو امپیریکل فارمولاز سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

$$\%N = \frac{14}{17} \times 100 = 82.35\%$$

NH_3 میں نائٹروجن کی % age = 82.35%

سوال 19: کاربن (ڈائمنڈ) کے 6g ایٹمز کی تعداد معلوم کریں۔

حل: گرامز میں کاربن کا ماس = 6g

کاربن کا مولر ماس = 12g

$$\text{مولز کی تعداد} = \frac{\text{گرامز میں ماس}}{\text{مولر ماس}}$$

$$\text{مولز کی تعداد} = \frac{6}{12}$$

مولز کی تعداد = 0.5 moles

ایٹمز کی تعداد = مولز کی تعداد × ایوو گیڈرو نمبر

$= 0.5 \times 6.022 \times 10^{23}$ atoms

$= 3.011 \times 10^{23}$ atoms

کاربن (ڈائمنڈ) کے 6g میں ایٹمز کی تعداد 3.011×10^{23} atoms ہے۔

سوال 20: ایلومینیم ایک ہلکی میٹل ہے۔ یہ دودھ کے ٹینک بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ 204g ایلومینیم آکسائیڈ (Al_2O_3) میں ایلومینیم (Al) کی مقدار معلوم کریں۔

حل: ایلومینیم آکسائیڈ کا مولر ماس $= (27 \times 2) + (16 \times 3)$

$= 54 + 48$

$= 102$ g

102g ایلومینیم آکسائیڈ میں ایلومینیم (Al) = 54 g

1g ایلومینیم آکسائیڈ میں ایلومینیم (Al) = $\frac{54}{102} g$

204g ایلومینیم آکسائیڈ میں ایلومینیم (Al) = $\frac{54}{102} \times 204$

$= 108$ g

204 گرام Al_2O_3 میں ایلومینیم کا ماس = 108 g

سوال 21: میتھین گیس (CH_4) کے 30 گرامز کے مکمل جلنے سے پیدا ہونے والی کاربن ڈائی آکسائیڈ کی مقدار معلوم کریں۔

حل: متوازن کیمیکل ایکویشن:

$$CH_4 + 2O_2 \longrightarrow CO_2 + 2H_2O$$

$$(12\times1) + (1\times4) \longrightarrow (12\times1) + (16\times2)$$

$$16g \longrightarrow 44\,g$$

16g میتھین (CH_4) سے بننے والی CO_2 کی مقدار = 44g

www.ilmkidunya.com

$\frac{44}{16}$ g = میتھین (CH_4) 1g سے بننے والی CO_2 کی مقدار

